Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۸ جمادی الاول ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۱۶ء	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱و۲	اضافہ جات اہلکاران پولیس	۱
۲	نسبت خرید سامان حرب از انگریزی	۲
″	اضافہ سب انجینیر صاحب	۳
″	تقرر قاضی سلیم الحق	۴
″	رخصت سید ریاض حسین صاحب	۵
ضمیمہ	نقشہ نرخنامہ اجناس	۶

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ جات

بحکم مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش صاحب ریونیو سکریٹری بہادر شرف الدین خان کوتوال شہر کی تنخواہ موجودہ مین پندرہ روپیہ ماہوار اور سعادت علی خان نائب کوتوال کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اور اشفاق النبی خان سب انسپکٹر کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اور حمید رضا خان ہیڈ کانسٹبل کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات

منظور فرمایا گیا۔

روبکار محکمہ عالیہ اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۵ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

ملازمان و متوسلان ریاست میں سے جب کسی کو سامان حرب کی عملداری گورنمنٹ سے منگانے کی ضرورت ہوتی ہو ذریعہ ریاست لائسنس درآمد صاحب ایجنٹ بہادر سے حاصل کرکے سامان ریاست میں لایا جاتا ہو۔ حال میں چٹھی صاحب ایجنٹ بہادر نمبری ۱۲۲۳/۱۵-۱۹ مورخہ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ بعض پنشنداران یا ملازمان گورنمنٹ سکنائے ریاست نے بلا اطلاع ریاست مراد آباد سے سامان خرید کیا اور ریاست میں وہ سامان لایا گیا بموجب قواعد ریاست کوئی سامان حرب انگریزی سے بلا لائسنس صاحب ایجنٹ بہادر ریاست میں نہیں لایا جاتا ہو۔ اسلیے آئندہ سامان حرب کی اس طرح پر درآمد ریاست میں ناجائز قرار دیجاتی ہو۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل بغرض تعمیل ذریعہ دفتر صاحب ہوم سکرٹری بہادر پولیس کو اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ صاحب اسسٹنٹ انجنیر بہادر سید بشیر حسین سب انجنیر کی تنخواہ میں چالیس روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم احکام تقرر قاضی سلیم الحق بعہدہ گرداور قانونگوئے بمشاہرہ [illegible] ماہوار حسب ضابطہ جاری ہوں۔ اور مشار الیہ کی تعیناتی حضور تحصیل میں کیجاوے اور صاحب مہتمم بندوبست کو لکھا جائے کہ علاقہ حضور تحصیل کا کام تین حلقوں پر تقسیم ہونے کا انتظام کردیں تاکہ دو گرداور موجودہ اور سوئم قاضی سلیم الحق اپنے اپنے حلقہ کا کام انجام دیں۔

صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت دو ہفتہ سید ریاض حسنین نائب تحصیلدار متعینہ صدر کی بذریعہ تحریر اجلاس ہذا موصولہ صاحب چیف سکرٹری بہادر منظور کی گئی۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار	۷ ار	۸ ار	۷ ۰ ار	۷ ار	۷ ار	
نخود خالص	۹ ۰ ار	۱۰ ۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ۰ ار	۹ ار	۱۰ ۰ ار	
نخود کسر آمیز	۱۰ ۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ۰ ار	۰	۶ ۰ ار	۱۱ ار	
کسہ	۱۰ ۰ ار	۰	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۱۱ ار	
ماش	۸ ۰ ۸	[illegible]	۷ ار	۸ ار	۸ ۰ ار	۸ ۰ ار	
مونگ	۸ ار	۸ ار	۸ ۰ ار	۰	۸ ۰ ار	[illegible]	
مکا	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۲ ۰ ار	۱۳ ۰ ار	۱۰ ار	۱۵ ار	
جئی	۰	۰	۱۰ ار	۰	۹ ار	۱۲ ار	
گوجئی	۰	۱۰ ار	۹ ار	[illegible]	۰	۱۲ ار	
عدس	۸ ۰ ار	۰	۱۰ ار	۰	[illegible]	[illegible]	
ارہر	۱۰ ار	۰	۱۳ ار	۰	۸ ۰ ار	[illegible]	
برنج	۶ ۰ ار	۰	۸ ۰ ار	۶ ۰ ار	۷ ۰ ار	۸ ار	
روغن زرد	۱۰ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۲ ار	۳ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ۰ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۲ ار	۲ ار	۱ ار	۲ ار	۲ ۰ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۸ ار	۹ ار	۱۳ ۰ ار	
قند سیاہ	۵ ۰ ار	۰	۵ ار	۵ ۰ ار	۶ ار	۶ ۰ ار	
باجرہ	۱۰ ۰ ار	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور